

# والدین کے ریاست نیو یارک سے باہر مقیم ہونے کی صورت میں امدادِ اطفال کی خدمات

**محکمہ قانون نیو یارک سٹی کے بین الریاستی امداد اطفال یونٹ کی جانب سے تیار کردہ۔**

## سوالات ہیں؟
## براہ کرم ہم سے درج ذیل پر رابطہ کریں:

Brooklyn:
KICSU@law.nyc.gov

Bronx:
BICSU@law.nyc.gov

Queens:
QICSU@law.nyc.gov

Manhattan
MICSU@law.nyc.gov

Staten Island
RICSU@law.nyc.gov

© City of New York، فروری 2022

## آپ کو کیا معلوم ہونا چاہیئے

وفاقی اور ریاستی قانون کے مطابق، والدین کی قانونی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے بچوں کو مالی معاونت فراہم کریں۔

امدادِ اطفال کا حکم عدالت کی جانب والد یا والدہ کو مخصوص حصہ جاتی ادائیگی کا صادر کردہ حکم ہے تاکہ بچے کے قانونی طور پر بالغ ہونے تک اس کے رہائشی اور طبی اخراجات میں مدد مل سکے۔




## ہم کون ہیں

محکمہ قانون نیو یارک سٹی کا ڈویژن برائے عائلی عدالت مقامی حاملِ تحویل والدین کو بین الریاستی امدادِ اطفال یونٹ کی وساطت سے امدادِ اطفال کے معاملات کے لیے خدمات فراہم کرتا ہے۔

بین ریاستی امدادِ اطفال یونٹ کا عملہ حامل تحویل والدین کو امداد اطفال کا حکم حاصل کرنے یا نافذ کرنے کے تناظر میں بین الریاستی امداد اطفال کے معاملات میں مدد دے سکتا ہے۔

بین الریاستی امداد اطفال یونٹ کے دفاتر تمام پانچ بوروز میں واقع ہیں۔




## ہم کیسے مدد کر سکتے ہیں

ولدیتی اور امداد اطفال کے احکامات کا تعین

موجودہ امداد اطفال کے احکامات کی ترمیم

موجودہ امداد اطفال کے احکامات کی رجسٹریشن

موجودہ امداد اطفال کے احکامات کا نفاذ

## محکمہ قانون سے ریفرل کی درخواست کرنا

ہمارا دفتر حامل تحویل والدین کو دیگر ریاستوں یا ممالک میں دائر کردہ امداد اطفال کے معاملات کے حوالے سے نیو یارک سٹی میں معاونت دیتا ہے۔

ہمارے دفتر میں ریفرل حاصل کرنے کے لیے، حامل تحویل والدین کا پہلے دفتر برائے امداد اطفال کی خدمات سے رابطہ کرنا لازم ہے۔ دفتر برائے امداد اطفال کی خدمات کے لیے رابطے کی معلومات درج ذیل ہیں:
dcse.cseweb@dfa.state.ny.us

